# اسکاؤٹنگ

ورک شیٹ برائے سبق ۱۴

**حُروفِ جار:** وہ حُروف جو اسم کو فعل سے یا اسم کو اسم سے ملاتے ہیں، مثلاً، ’’یاسر کا قلم‘‘ اس جُملے میں ’’کا‘‘ حرفِ جار ہے۔ چند حُروفِ جار یہ ہیں: سے، پر، کا، کی، کے، کو، تک، میں، ساتھ، لیے، طرح وغیرہ۔

۱۔ دیے گئے جُملوں میں حُروفِ جار کو پہچانیے اور لکھیے۔

| جُملے | حرفِ جار |
|---|---|
| کتاب میز پر رکھی ہے۔ | |
| وہ لاہور سے آیا ہے۔ | |
| ہم شام تک پہنچ جائیں گے۔ | |
| وہ اپنے دوست کے ساتھ گیا۔ | |
| کھانے کے بعد چائے پی۔ | |

۲۔ دیے گئے الفاظ سے خالی جگہوں میں دُرست حرفِ جار لکھیے۔

میں | پر | کے | ساتھ | تک | سے

(ا) وہ اسکول ________ گیا۔

(ب) کتاب الماری ________ ہے۔

(ج) وہ کراچی ________ آیا۔

(د) ہم رات ________ سو گئے۔

(ہ) وہ دوست ________ بات کر رہا ہے۔

۳۔ دیے گئے حُروفِ جار استعمال کرتے ہوئے جُملے بنائیے۔

| جُملے | حُروفِ جار |
|---|---|
| | میں |
| | پر |
| | لیے |
| | ساتھ |
| | طرح |
| | سے |
| | کا |
| | تک |